Department of Education
Chancellor Meisha Porter

1 دسمبر، 2021

عزیزی اہلِ خانہ،

1 مارچ سے، مجھے زندگی میں بطور چانسلر عمدہ اسکولوں، معلمین، برادریوں، خاندانوں اور سب سے اہم، آپکے بچوں کی خدمت کرنے کا ایک اعزاز ملا ہے جو نیویارک شہر محکمئہ تعلیم (NYCDOE) کا حصہ ہیں۔ آج، میں آپکے ساتھ ایک ملے جُلے احساسات کی خبر کا اشتراک کررہی ہوں کہ میں اس کیلنڈر سال کے آخر میں اپنے چانسلر کے عہدے سے دستبردار ہورہی ہوں۔

میرا آج کا آپ کے لیے سب سے بڑا پیغام تشکر کا ہے - اس اعتماد، تحمل، شفقت، اور ہمارے اسکولوں کے لیے پُرعزمی کا شکریہ جسکا آپ نے پچھلے چند ماہ میں مظاہرہ کیا ہے۔ آپ کی شراکت سے، ہم نے طلبا کو کسی بھی تعلیمی سال سے الگ - اس ہوم کمنگ کے سال میں استقبال کرنے کے لیے ملکر اتنا بہت کچھ کیا ہے۔

اسکول کی عمر کے بچوں کی ماں ہونے کی حیثیت سے، میں جانتی ہوں کہ مکمل طور پر خود موجودگی میں اسکول تعلیم بعض اوقات خوشگوار اور مسابقت طلب رہی ہے۔ زندگی میں ایکبار عالمی وبا سے باہر نکلتے ہوئے، جب ہمارے بچوں کو شدید تعلیمی اور جذباتی نگہداشت کی ضرورت تھی، ہمارے طلبا کو اعانت فراہم کرنے میں جسکے وہ مستحق ہیں سب نے مدد کی ہے۔ میں پُرجوش ہوں کہ ہم نے ناممکن کو کردکھایا ہے، اور ہم نے قوم کی قیادت کی ہے ہر ایک اسکول کو بذاتِ خود موجودگی تعلیم کے لیے بحفاظت کھول کر یہ یقینی بنایا ہے کہ ہمارے بچے وہ اعانت اور توجہ موصول کریں جسکی انہیں ضرورت ہے۔

وہ شدید کام جو تمام طلبا کو اعانت فراہم کرنے میں کیا گیا ہے وہ کسی ایک شخص یا قائد کی استعداد سے آگے ہے۔ چند ترجیحات اور آغازِکار جو میں جانتی ہوں جاری رہیں گے ان میں شامل ہیں:

1. **محفوظ اور صحتمند اسکولی ماحول برقرار رکھنا:** نیویارک شہر قومی قیادت کررہا ہے جس میں عملے کے 100% معلمین ویکسین لگوا چکے ہیں، اور خاندان تیزی سے اپنے 5 سال یا زائد عمر کے بچوں کو ویکسین لگوانے کے موقع تک رسائی حاصل کررہے ہیں۔ صرف پچھلے ہفتے میں، ہمارے اسکولوں نے COVID-19 کے خلاف 43,000 طلبا کو ویکسین لگائی ہے۔ اگر آپ نے ابھی تک اپنے بچے کو ویکسین نہیں لگوائی ہے تو ابھی بھی دیر نہیں ہوئی ہے! schools.nyc.gov/coronavirus پر قریبی مقامات دیکھنے اور وقت ملاقات طے کرنے کے لیے جائیں۔

مجھے اس فیصلے پر فخر ہے جو ہم نے نیویارک شہر میں خود موجودگی میں تعلیم کو ترجیح دینے میں کیا ہے، اور میں اسے ہمارے طلبا کے لیے ایک حقیقت بنانے میں والدین اور معلمین کے اعتماد اور شراکت کی بہت شکرگزار ہوں۔ آپکی سرگرم شراکت کے بغیر پیشرفت ممکن نہیں ہے؛ ایک صحتمند اسکولی ماحول قائم رکھنے کی ہماری اہلیت میں اپنے بچوں کو ویکسین لگوانا مرکزی ہے۔

ہم نے جو اقدامات لیے ہیں جیسے ویکسینیشن کی شرح میں اضافہ، سب کے لیے ماسک لازمی، روزانہ صحت کی جانچ اور طلبا کی بلا ترتیب ہفتہ وار ٹیسٹنگ کے ذریعے، ہم اپنے اسکولوں میں مثبت شرح کو 0.24% پر انتہائی کم رکھنے میں اور تدریس میں کم سے کم خلل اندازی میں کامیاب ہوئے ہیں۔ ہم اپنے بچوں کے لیے اسکول کھلے رکھنے میں ان اقدامات کے بارے میں چوکس رہنا جاری رکھیں گے۔ میں آپکی حوصلہ افزائی کرونگی کہ schools.nyc.gov/coronavirus پر جائیں COVID-19 کے بارے میں معلومات، ہمارے اسکولوں میں صحت اور حفاظت کے باضابطہ انتظامات، ٹیسٹنگ اور ویکسینیشن کی تازہ معلومات اور مزید کے لیے۔

2. **اپنے بچے کی تعلیمی ضروریات سے واقف ہوں۔** جب ہم نے اس تعلیمی سال کا آغاز کیا تھا، یہ لازمی تھا کہ ہمیں معلوم ہو کہ طلبا تعلیمی اور جذباتی دونوں طرح سے کس سطح پر ہیں، تاکہ ہم انکی ضروریات کی تکمیل کے لیے انہیں اہدافی وسائل اور اعانت فراہم کرسکیں۔ ایسا کرنے کے لیے، ہمارے معلمین نے اس سال ہمارے تمام اسکولوں میں نئے تعلیمی اور سماجی اور جذباتی "اسکرینرز" استعمال کرنے کا آغاز کیا ہے۔ یہ پیمانے اساتذہ کے لیے کم خطرے والے مواقع فراہم کرتے ہیں یہ اندازہ لگانے کے لیے کہ تعلیمی سال کے دوارن کسی ایک خاص وقت پر طلبا کی تقویتیں اور ضروریات کیا ہیں، تاکہ ہم انکی تعلیم اور نشو ونما میں اعانت کے لیے ان کا موزوں وسائل یا اہدافی مداخلتوں سے رابطہ کرسکیں۔ ہم آپکی حوصلہ افزائی کریں گے کہ ان وسائل کے بارے میں مزید جاننے کے لیے اپنے اسکول اور اساتذہ کے ساتھ کام کریں، ہمارے طلبا کو جو درکار ہے اسے سمجھنے اور فراہم کرنے کے لیے ملکر نتائج کو استعمال کریں۔

3. **طلبا کے لیے نئی معاونتوں اور وسائل میں سرمایہ کاری کرنا:** جیسا کہ ہم نے جولائی میں اشتراک کیا تھا، ہم اس تعلیمی سال میں نئے وسائل اور اضافی عملے کی صورت میں - بشمول سماجی کارکنان، خواندگی اساتذہ اور اتالیق، امیریکن ریسورس پلان کی جانب سے لاکھوں ڈالرز کی سرمایہ کاری کررہے ہیں - تاکہ NYCDOE اسکولوں میں تمام طلبا کو وہ وسائل اور معاونتیں مل سکیں جو انہیں نشو ونما کے لیے درکار ہیں۔

ہماری توجہ کا مرکز شعبوں میں شامل ہیں: نئی سماجی اور جذباتی سرمایہ کاری طلبا کی پچھلے سال سے صحتیاب ہونے میں مدد کرنے کے لیے، تعلیمی سرمایہ کاری آپکے بچے کی خواندگی کی صلاحیتوں کو ایک ترجیح بنانے کے لیے، معذوری کے حامل طلبا کے لیے مزید خاص تعلیمی معاونت کی دستیابی، ہائی اسکول طلبا کی کالج اور طرزِ معاش کے لیے مستعدی میں مدد، اور یہ یقینی بنانا کہ تمام بچے مسابقت طلب مواد سیکھیں جو ہمارے نئے موزیک نصاب کے ساتھ ہمارے اسکولوں میں انکے وقت کے دوران اسکی عکاسی کریں کہ وہ کون ہیں۔ یہاں پر مزید جانیں: schools.nyc.gov/about-us/funding/

آخر میں، آپ اپنے بچوں اور ہمارے اسکولوں کے لیے جو کچھ کرتے ہیں اسکے لیے میں آپکا شکریہ ادا کرنا چاہونگی۔ ہم نے اپنے خاندانوں اور ہمکاروں کو معمولات میں واپس آنے میں مدد کے لیے ہر روز محنت سے کام کیا ہے اور ساتھ ہی تاریخ میں ان لمحات کو اہم اور اختراعی تبدیلیاں کرنے میں ایک سنجیدہ وقت تسلیم کرتے ہوئے جو کہ ہمارے طلبا کی ضروریات سے بہتر نمٹتی ہیں۔ ہم ایسا آپ کی شراکت کے بغیر نہیں کرسکتے تھے، اور میں اس اعتماد کے لیے انتہائی شکرگزار ہوں جو آپ نے محکمئہ تعلیم اور مجھ پر کیا ہے۔

آپکی شراکت نے ہمارے طلبا کو محفوظ اور صحتمند رکھنے، انکی تعلیمی ضروریات کو پہلے سے زیادہ بہتر جاننے، اور انکی بہترین استعداد کی تکمیل کرنے میں مزید مضبوط اور پائدار وسائل فراہم کرنے کو ممکن بنایا ہے۔ ان مسابقتوں کے باوجود جو ہم نے ڈیڑھ سال جھیلی ہیں، مجھے یقین ہے کہ ہمارے پاس اپنے حالیہ تجربے سے سیکھنے اور ہمارے بچوں کے لیے ایک روشن مستقبل کی جانب بڑھنے کا ایک عظیم موقع ہے۔ میں جانتی ہوں کہ اگلی انتظامیہ اس پُرعظمی کا اشتراک کرے گی، اور میں اگلے چانسلر کے ساتھ یہ یقینی بنانے کے لیے ملکر کام کرونگی کہ تمام بچوں کے لیے ایک مثبت، استقبالیہ اور توثیقی تجربہ اس سال اور آئندہ جاری رہے۔

شراکت میں،

Meisha Porter
نیویارک شہر اسکولز چانسلر